کل نمبر:25 **اُردو(چہارم)ٹیسٹ نمبر1** **وقت:25منٹ**

تیسرا مہینا، دوسرا ہفتہ، چھٹا دن	**سلیبس:** دہرائی ٹیسٹ (دوسرا ہفتہ)

حصہ اوّل

سوال نمبر1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ **(12)**

1۔ ہمارے قومی شاعر ہیں:

(الف)	علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ	(ب)	مرزا غالب
(ج)	اسماعیل میرٹھی	(د)	حفیظ جالندھری

2۔ دنیا کی کوئی چیز پیدا نہیں کی گئی:

(الف)	بے ہُنر	(ب)	بے کار	(ج)	بے جا	(د)	بے معنی

3۔ درست اعراب والا لفظ ہے:

(الف)	قُدْرَت	(ب)	قِدْرَتْ	(ج)	قَدْرِت	(د)	قُدِّرُت

4۔ ''مجھے _____ پر چڑھنا سکھا دیا اُس نے'' مصرع مکمل کریں۔

(الف)	سیڑھی	(ب)	درخت	(ج)	دیوار	(د)	پہاڑ

5۔ ''ہنر'' کا معنی ہے:

(الف)	کمال	(ب)	فن	(ج)	جمال	(د)	الف، ب دونوں

6۔ کیا یہ نیلا رنگ ہے؟ قواعد کی رو سے یہ جملہ ہے:

(الف)	مرکب	(ب)	منفی	(ج)	مفرد	(د)	استفہامیہ

7۔ ''اُنہتر'' کو ہندسے میں لکھیں گے:

(الف)	۵۹	(ب)	۲۹	(ج)	۷۹	(د)	۸۹

8۔ خالد نے بتایا: میرے والد ڈاکٹر ہیں۔ جملے میں علامت استعمال ہوگی:

(الف)	سوالیہ	(ب)	قوسین	(ج)	واوین	(د)	تفصیلیہ

9۔ راشد _____ بلّی _____ گھور کر دیکھا۔ جملہ مکمل کریں۔

(الف)	نے، کو	(ب)	نے، سے	(ج)	نے، میں	(د)	نے، پر

☆ **مندرجہ ذیل اشعار پڑھ کر سوالات نمبر10، 11 اور 12 کے جوابات دیں۔**

ہر ایک چیز سے پیدا خُدا کی قُدرت ہے
کوئی بڑا، کوئی چھوٹا، یہ اُس کی حِکمت ہے

بڑا جہان میں تجھ کو بنا دیا اُس نے
مجھے دَرخت پہ چڑھنا سکھا دیا اُس نے

10۔ درج بالا اشعار کس نظم سے لیے گئے ہیں؟

(الف)	ایک پہاڑ اور گلہری	(ب)	حمد	(ج)	میں کیا بنوں گا	(د)	ہم پاکستانی بچے ہیں

11۔ ہر ایک چیز سے کس کی قدرت پیدا ہوتی ہے؟

(الف)	خدا کی	(ب)	فرشتے کی	(ج)	نبی کی	(د)	بزرگ کی

12۔ درج بالا اشعار کے مطابق اللہ تعالیٰ نے جہان میں بڑا بنایا:

(الف)	پہاڑ کو	(ب)	ندی کو	(ج)	باغ کو	(د)	ریگستان کو

(13)

حصہ دوم

سوال نمبر1: ''تفریحی مقام کی سیر'' کے عنوان پر مضمون لکھیں۔ **(7)**

سوال نمبر2: ''کوشش کرو آخر کامیاب ہو جاؤ گے'' کے عنوان پر کہانی لکھیں۔ **(6)**